سوال

(106) دو منزلہ مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کا مقام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو منزلہ مسجد میں باجماعت نماز میں امام (نچلی) پہلی منزل میں امامت کروائے یا اوپر (دوسری) منزل میں۔ جبکہ مقتدی دونوں منزلوں میں ہوں؟ (محمد صدیق، ایبٹ آباد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس پر مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ امام نچلی منزل میں امامت کرائے تو مقتدی اوپر والی منزلوں پر نماز پڑھ سکتے ہیں۔ بیت اللہ میں ایام حج وغیرہ میں اسی طرح نمازیں پڑھتے ہیں۔

صالح مولی التوامہ کہتے ہیں۔"

"صلیت مع أبي ہریرة فوق ظہر المسجد بصلاة الإمام وہو أسفل"

"میں نے ابوہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے ساتھ مسجد کے اوپر نماز پڑھی جبکہ امام نیچے تھا۔ (مصنف ابن ابی شیبہ 2/223 ح6158 وسندہ حسن والبیہقی 3/111 وعبد الرزاق فی المصنف 3/83 ح4888)

صالح نے یہ روایت اختلاط سے پہلے بیان کی ہے لہٰذا بلحاظ سند یہ روایت حسن ہے۔

عورتوں کا بھی معاملہ ایسے ہی ہے اوپر پڑھیں یا نیچے بشرطیکہ مردوں سے اختلاط نہ ہو۔ (شہادت، مئی 2004ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد 1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ 280